Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد: 24فروری 2019: مجھے آج زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) کی صوبہ پنجاب کے اہم ترین مقام پر قائم برانچ میں ATM کی افتتاحی تقریب میں شمولیت پر فخر محسوس ہو رہا ہے۔اور ATM کا آغاز بینک کے قائم مقام صدر شیخ امان اللہ اور انکی ٹیم کی شبانہ روز کاوشوں کا نتیجہ ہے کسانوں کو جدید سہولتوں کی فراہمی بینک انتظامیہ کی نیک نیتی اور خلوص کا ثبوت ہے۔ملکی معیشت میں زراعت کی جو اہمیت ہے اس سے ہم سب باخبر ہیں اور ملکی برآمدات میں بھی زرعی شعبہ کا ایک بڑا اہم مقام ہے۔یہ بات **میاں محمد شفیق آرائیں پارلیمانی سیکریٹری برائے مواصلات** نے آج یہاں زرعی بینک کی ملتان زون کی لودھراں برانچ کی ATM کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔

انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پاکستان نے ملک میں مالیاتی شمولیت کو بڑھانے کے لئے اپنے 100 دنوں کے ایجنڈے میں قومی مالیاتی شمولیت کی حکمت عملی کو شامل کیا ہے۔جس کے تحت کمپیوٹرائزڈ طریقہ سے رقوم کی ادائیگی، ڈپازٹ اکٹھا کرنا، اسلامی بینکاری کا فروغ اور ویئر ہاؤس رسید فنانسنگ کے لئے کولیٹرل مینجمنٹ کمپنیوں Collateral Management Companies کے دائرہ کار کو بڑھانے کے لئے قانونی اصلاحات نافذ کروانے جیسے اقدامات اٹھائے ہیں۔

مجھے یہ جان کر مسرت ہوئی کہ زرعی ترقیاتی بینک انتہائی موثر انداز سے بروقت ATM اور Debit Card کے اجراء اور اسلامی بینکاری حج درخواستوں اور یوٹیلٹی بلوں کی وصولی جیسے اقدامات اٹھا رہا ہے۔اور یہ اقدامات ملکی آبادی کے ایک بڑے حصے کے لئے مفید و معاون ثابت ہونگے کیونکہ ہماری بہت بڑی آبادی دیہات پر مشتمل ہے اور یقیناً یہ اقدامات اس بڑی آبادی کے لئے سودمند ثابت ہونگے کیونکہ وہ اسلامی بینکاری کے دھارے میں شامل ہو کر اپنی زراعت سے متعلق ضروریات پوری کر سکیں گے اور امید کرتا ہوں کہ ATM کا آغاز زرعی سرمایہ کاری کی بنیادی اہمیت کو موثر انداز میں جلا بخشے گا اور چھوٹے کاشتکاروں کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ مہمان خصوصی نے بینک کی ان کاوشوں کو کسانوں کے لئے نعمت اور قرضہ جات کی آسان فراہمی کا ذریعہ قرار دیا جو کہ بینک کی موجودہ انتظامیہ کی وجہ سے ممکن ہو سکا۔

بینک اپنی (AAA/A-1+) کی ریٹنگ کو پچھلے پانچ سالوں سے برقرار رکھے ہوئے ہے جو کہ بینک کی کارکردگی اور مالی پوزیشن مستحکم ہونے کا ثبوت ہے۔اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں آپ کو یہ بتاتے ہوئے خوشی محسوس کر رہا ہوں کہ حکومت نے ملک میں زراعت کے شعبہ کی ترقی اور زرعی کاروبار کے دائرہ کار کو بڑھانے کے لئے اگلے تین سالوں میں دو سو ارب روپے کے پیکج کی منصوبہ بندی کی ہے جس میں سے بیاسی ارب روپے کا پیکج لانچ کر دیا گیا ہے۔اس کاوش کے ذریعے CPEC اور منسلک منصوبوں کی ترقی اور خوشحالی کے لئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ حکومت نے پیداواری یونٹ کی قیمت -/4000 روپے ہزار سے بڑھا کر -/6000 روپے کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بینک کے صدر **شیخ امان اللہ** نے اپنے خطاب میں بتایا کہ ہم نے چھوٹے کسانوں کو زراعت سے متعلق بنیادی سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے ATM کا آغاز کر دیا ہے اور آج کی تقریب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس کے ذریعے چھوٹے کسان اپنی زرعی ضروریات بروقت حاصل کر کے اپنے لئے اور ملکی معیشت کی ترقی میں موثر کردار ادا کر سکیں گے۔بینک کے صدر نے مزید کہا کہ بینک سالانہ تقریباً چار لاکھ کسانوں اور ان سے منسلک لوگوں کو زرعی شعبے میں قرضہ جات کی فراہمی بینکاری کی خدمات اور زرعی تکنیکی سہولیات بہم پہنچا رہا ہے اور کسانوں کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے بینک اپنی استعداد کار میں ہر آئے دن اضافہ کے لئے کوشاں ہے۔ میں نے اور میری ٹیم نے بینک کی ترقی اور وصولیوں کے نظام کو موثر بنانے کے لئے دن رات خلوص نیت کے ساتھ کام کیا ہے تا کہ بینک مضبوط اور مستحکم مالی پوزیشن حاصل کر سکے اور الحمد اللہ آج ہم اس میں کامیابی کی منازل طے کر رہے ہیں اس سلسلہ میں ذاتی طور پر میں نے نہ تو چھٹی کے دن آرام کیا اور کوئی لمحہ ضائع کئے بغیر بینک کی استعداد کار بڑھانے اور کسانوں کو سہولتیں ان کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے تمام کوششیں بروئے کار لائے ہیں۔بینک کے صدر نے اس سے قبل بینک کی کوٹ سما برانچ اور وہاں پر ATM کا افتتاح بھی کیا۔

آخر میں مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں موجودہ بینک انتظامیہ کی تعریف کی اور انکی انتھک محنت اور کارکردگی کو سراہا۔

(سعد ضیاء)

وائس پریذیڈنٹ (تعلقات عامہ)

فون نمبر 051-9252681